PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

احمد شہزاد اور عمر اکمل سری لنکا کے خلاف ٹی ٹونٹی سیریز میں بہترین کارکردگی دکھا کر ٹیم میں مستقل جگہ بنانے کے خواہشمند

- ہوم کراؤڈ کے سامنےکرکٹ کھیلنا پہلی مرتبہ گرین شرٹ زیب تن کرنے کے مترادف ہے، احمد شہزاد
- سیریز میں بہترین کارکردگی لیجنڈری کرکٹر عبدالقادر کے نام کروں گا،مڈل آرڈر بیٹسمین عمر اکمل

لاہور، 4 اکتوبر 2019ء:

سری لنکا کے خلاف 3 میچوں کے لیے قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم میں جگہ بنانے والے احمد شہزاد ایک سال بعد قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کا حصہ بنے ہیں۔ پاکستان اور سری لنکا کے درمیان 3ٹی ٹونٹی میچوں پرمشتمل سیریز 5سے 9اکتوبر تک قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلی جائے گی۔

پاکستان کی جانب سے ٹی ٹونٹی کرکٹ میں واحد سنچری اسکور کرنے والے احمد شہزاد نے آخری بار 13 جون 2018 کو سکاٹ لینڈ کے خلاف قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کی تھی۔ اوپنر نے 57 ٹی ٹونٹی میچوں میں 1454 رنز بنارکھے ہیں-26.43 کی اوسط سے اسکور کرنے والے احمد شہزاد کے کیرئیر میں 1 سنچری اور 7 نصف سنچریاں شامل ہیں۔

ورلڈ ٹی ٹونٹی 2014 میں بنگلہ دیش میں ڈھاکا کے خلاف 111 رنز کی ناقابل شکست اننگز کھیلنے والے قومی کرکٹر اس طرز کی کرکٹ میں زمباوے کے خلاف ناقابل شکست 98 رنز بھی بنا چکے ہیں۔ علاوہ ازیں 2سال قبل قذافی اسٹیڈیم میں آئی سی سی ورلڈ الیون کے خلاف کھیلے جانے والے ٹی ٹونٹی میچ میں بھی احمد شہزاد نے 55 گیندوں پر 89 رنز کی شاندار اننگز کھیلی تھی۔

اس موقع پر 27 سالہ قومی کرکٹر کا کہنا ہےکہ ٹیم میں کم بیک کرنے پر وہ بہت خوش ہیں۔ ٹیم میں کم بیک کرنا کبھی آسان نہیں ہوتا۔احمد شہزاد نے کہاکہ ٹیم میں واپسی کے

لیے اعصابی مضبوطی درکار ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر دن ایک نیا دن ہوتا ہے،ٹیم سے دور رہ کر اپنی خامیوں پر قابو پانے کا موقع ملا۔

لاہور سے تعلق رکھنے والے اوپنر نے کہاکہ ہوم کراؤڈ کے سامنے کھیلنا پہلی مرتبہ گرین شرٹ زیب تن کرنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرا قذافی اسٹیڈیم کیساتھ بڑا گہرا تعلق ہےاور یہاں کھیلنے کا ہمیشہ لطف آتا ہے۔احمد شہزاد نے کہاکہ پاکستانی قوم کرکٹ سے بہت پیار کرتی ہے، اپنے ہم وطنوں کے سامنے کرکٹ کھیلنے کے لیے بہت پرجوش ہوں۔ انہوں نے کہاکہ بطور کرکٹر ہمیں میدان میں حوصلہ افزائی درکار ہوتی اور یہ پاکستان سے زیادہ ہمیں کہیں نہیں مل سکتی۔

احمد شہزاد نے کہاکہ سری لنکا کے خلاف ایک روزہ سیریز میں قومی کرکٹ ٹیم نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ امید ہے ٹی ٹونٹی سیریز میں بھی کھلاڑی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ انہوں نےکہاکہ یہ سیریز ورلڈکپ کے لیے ٹیم کا بہترین توازن بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔

قومی کرکٹر کاکہنا ہےکہ ٹی ٹونٹی کرکٹ میں سنچری سمیت بہترین ریکارڈ کے باوجود سری لنکا کے خلاف سیریز میں شمولیت ان کے لیے ایک نیا آغاز ہے۔انہوں نے کہاکہ میں اپنی فٹنس اور فارم کی بدولت بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے ٹیم میں نمایاں مقام حاصل کرنے کی کوشش کروں گا۔

دوسری جانب مڈل آرڈر بیٹسمین عمر اکمل کی بھی 3 سال بعد قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم میں واپسی ہوئی ہے۔ آخری بار 27 ستمبر 2016 کو ویسٹ انڈیز کے خلاف قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کی تھی۔ مڈل آرڈر بیٹسمین نے 82 ٹی ٹونٹی میچوں میں 1690 رنز بنارکھے ہیں۔26.82 کی اوسط سے اسکور کرنے والے عمراکمل کے کیرئیر میں 8 نصف سنچریاں شامل ہیں۔عمر اکمل کی ٹی ٹونٹی کرکٹ میں بہترین کارکردگی ورلڈٹی ٹونٹی 2014 میں آسٹریلیا کے خلاف 94 رنز کی شاندار اننگز ہے۔

مڈل آرڈر بیٹسمین عمر اکمل نے کہا کہ قومی ٹیم میں کم بیک کرنے کے لیے انہوں نے بہت محنت کی ہے۔ عمر اکمل نے کہا کہ ان کے مرحوم سسر عبدالقادر کی خواہش تھی کہ وہ جلد قومی کرکٹ ٹیم میں کم بیک کریں۔ انہوں نے کہا کہ سری لنکا کے خلاف سیریز میں وہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرکے اسے لیجنڈری کرکٹر عبدالقادر اور اپنی والدہ کے نام کریں گے۔

قومی کرکٹر کا کہنا ہےکہ قومی ٹیم میں کم بیک کرنے پر وہ بہت پرجوش ہیں۔ انہوں نے 3 سال کے عرصے میں اپنی فٹنس اور اسکلز میں بہتری پر خصوصی توجہ دی ہے۔ عمر

اکمل نےمزید کہاکہ وہ اپنے کیریئر میں دوسری ہوم سیریز کھیل رہے ہیں۔ اس سے قبل وہ قذافی اسٹیڈیم میں بلا تھامے زمباوے کے خلاف میدان میں اترے تھے۔ انہوں نے کہاکہ وہ سیریز میں بہترین کارکردگی دکھاکر قومی ٹی ٹونٹی کرکٹ ٹیم میں مستقل جگہ بنانے کی کوشش کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.